من یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین
کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ
مخزن اسرار عجیبہ
یعنی
بعض فتاوے حضور پرنور اعلیحضرت مجدد مأتہ حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
مسمّٰی بہ
احکامِ شریعت
حصہ اوّل
جسکو
جماعت مبارکہ رضائے مصطفےٰ بریلی نے اپنے صرف سے
بمطبع ابوالعلائی پریس آگرہ میں چھپوایا

اُن کا استقبال کرینگے هذا یومکم الذی کنتم توعدون یہ کہتے ہوئے کہ یہی تمہارا وہ دن جس کا
تم سے وعدہ تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہر صحابی کی یہ شان اللہ عزوجل بتاتا ہے تو جو
کسی صحابی پر طعنا کرے اللہ واحد قہار کو جھٹلاتا ہے اور اُن کے بعض معاملات جن میں اکثر حکایات کاذبہ ہیں
ارشاد الٰہی کے مقابل پیش کرنا اسلام کا کام نہیں رب عزوجل نے اسی آیت میں اسکا منہ بھی بند فرما دیا کہ
دونوں فریق صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھلائی کا وعدہ کرکے ساتھ ہی ارشاد فرما دیا واللہ بما تعملون
خبیر ۝ اور اللہ کو خوب خبر ہے جو کچھ تم کرو گے باینہمہ میں تم سب سے بھلائی کا وعدہ فرما چکا اسکے بعد جو کوئی کچھ
اپنا سر کھائے خود جہنم جائے۔ علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض شرح شفائے امام قاضی عیاض میں
فرماتے ہیں ومن یکون یطعن فی معویة فذاک کلب من کلاب الہاویة ۔ جو حضرت امیر معویہ رضی اللہ
تعالیٰ عنہ پر طعن کرے وہ جہنم کے کتوں سے ایک کتا ہے۔ اُن چار شخصوں میں عمرو کا قول سچا ہے زید
وبکر جھوٹے ہیں اور چوتھا شخص سب سے بدتر خبیث رافضی تبرائی ہے امام کا مقرر کرنا ہر مہم سے زیادہ
مہم ہے تمام انتظام دین و دنیا اسی سے متعلق ہے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جنازۂ
انور اگر قیامت تک رکھا رہتا اصلا کوئی خلل محتمل نہ تھا انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کے اجسام
طاہرہ بگڑتے نہیں سیدنا سلیمٰن علیہ الصلوٰۃ والسلام بعد انتقال ایک سال کھڑے رہے
سال بھر بعد دفن ہوئے جنازۂ مبارکہ حجرہ ام المومنین صدیقہ میں تھا جہاں اب مزار انور
ہے اس سے باہر لیجانا نہ تھا چھوٹا سا حجرہ اور تمام صحابہ کو اس نماز اقدس سے مشرف ہونا
ایک ایک جماعت آتی اور پڑھتی اور باہر جاتی دوسری آتی یوں یہ سلسلہ
تیسرے دن ختم ہوا اگر تین برس میں ختم ہوتا تو جنازہ اقدس تین برس یوہیں رکھا رہنا تھا کہ
اس وجہ سے تاخیر دفن اقدس ضروری تھا ابلیس کے نزدیک یہ اگر لالچ کے سبب تھا تو سب سے
سخت تر الزام امیر المومنین مولیٰ علی پر ہے یہ تو لالچی نہ تھے اور کفن دفن کا کام گھر والوں سے ہی
متعلق ہوتا ہے یہ کیوں تین دن ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہے انھیں نے رسول کا یہ کام کیا ہوتا
یہ پچھلی خدمت بجالائے ہوتے تو معلوم ہوا کہ اعتراض ملعون ہے اور جنازۂ انور کا جلد دفن